الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 18 دسمبر، 2017

خواجہ سراؤں کے وفد نے آج الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اسلام آباد میں سیکرٹری الیکشن کمیشن بابر یعقوب فتح محمد سے ملاقات کی جس میں خواجہ سراؤں کی ووٹر لسٹ میں بطور ووٹر اندراج اور پولنگ کے دوران پیش آنے والے مسائل کے بارے میں بات کی۔ اس وفد کے ہمراہ قمر نسیم (پروگرام کوارڈینیٹر بلیو وینز)، گل جاناں ایڈووکیٹ اور شازیہ اعجاز ایڈووکیٹ ہائی کورٹ بھی تھیں۔ میٹنگ میں سیکرٹری الیکشن کمیشن نے خواجہ سراؤں کو الیکشن کمیشن کے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ انھوں نے بتایا کہ جنوری 2018ء میں شروع ہونے والی ووٹر لسٹوں کی نظرثانی کے عمل میں خواجہ سراؤں کو بطور ووٹر رجسٹر کرنے کے لئے تمام ضلعی الیکشن کمشنرز کو ہدایات دی جائیں گی۔ اس کے ساتھ ساتھ الیکشن کمیشن عام انتخابات 2018ء میں پولنگ سٹیشنز پر خواجہ سراؤں کو ووٹ ڈالنے کی ترجیح دی جائے گی تاکہ ان کو پولنگ سٹیشن پر کسی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے اس سلسلے میں ضروری ہدایات پریذائیڈنگ افسران کو ٹریننگ کے دوران دی جائیں گی۔ سیکرٹری الیکشن کمیشن نے اس وفد کو بتایا کہ خواتین کے لئے الیکشن کمیشن کی ووٹ رجسٹریشن مہم 79 اضلاع میں جاری ہے جس میں خواجہ سراؤں کی رجسٹریشن سے متعلق بھی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ خواجہ سراؤں کے وفد میں بلوچستان خواجہ سراء اتحاد کی **میڈیم لکی** سمیت خیبر پختونخواہ کے خواجہ سراء اتحاد کے جنرل سیکرٹری **آرزو خان** اور **فرزانہ جان** شامل تھیں خواجہ سراؤں کے وفد نے الیکشن کمیشن کی خصوصی توجہ پر سیکرٹری الیکشن کمیشن کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ خواجہ سراء آنے والے عام انتخابات 2018ء میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے اور حق رائے دہی کے استعمال کو بھی یقینی بنائیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆